اُردو (لازمی)　(دوسرا گروپ)　422 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II، کلاس 12th)　پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے　(انشائی طرز)　مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

پہنچتا ہے ہر اِک مے کش کے آگے دورِ جام اُس کا ...... کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا

گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اُس کی ...... دوئی کے نقش سب جھوٹے ، ہے سچا ایک نام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

بس کہ دُشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا ...... آدمی کو بھی میسّر نہیں انساں ہونا

وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مُجھ کو ...... آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ ...... عیدِ نظّارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ہماری تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا واقعہ نہیں ملے گا ، جب سالار کی شہادت سے بد دل ہو کر مجاہدوں نے ہتھیار ڈال دیے ہوں۔ ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰؓ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبہ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔

(ب) ڈھلتے سورج میں بحر الکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحد نظر سبزہ ہی سبزہ ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کُہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) محنت پسند خردمند　(ii) مولانا ظفر علی خان

5 - سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) کرونا وائرس اور ہماری ذمہ داریاں۔

(ii) میری پسندیدہ شخصیت۔

(iii) منشیات اور اس کی روک تھام۔

7 - عید الفطر کی تقریب سعید پر دوست کے نام تہنیت کا خط لکھیے۔ (10)

304-422-83000